احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 12 جون 2008ء

روزنامہ
FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 12 جون 2008ء 7 جمادی الثانی 1429 ہجری 12 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 132

واحد عالمی نبی

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

مجھے پانچ خصوصیات ایسی دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں ایک مہینہ کی مسافت کے رعب سے میری مدد کی گئی ہے اور ساری زمین میرے لئے مسجد اور پاکیزہ بنائی گئی ہے۔ اموال غنیمت میرے لئے حلال کئے گئے ہیں اور مجھ سے پہلے نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے جبکہ میں تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہوں اور مجھے شفاعت کا حق دیا گیا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب قول النبی جعلت لی الارض حدیث نمبر 419)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ محقق امر ہے کہ ہمارے سیدو مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خو اور طبیعت پر آئے تھے۔ مثلاً جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توحید سے محبت کر کے اپنے تئیں آگ میں ڈال لیا اور پھر قلنا یانار کونی (۔) کی آواز سے صاف بچ گئے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تئیں توحید کے پیار سے اس فتنہ کی آگ میں ڈال لیا جو آنجناب کی بعثت کے بعد تمام قوموں میں گویا تمام دنیا میں بھڑک اٹھی تھی۔ اور پھر آواز واللہ یعصمك من الناس سے جو خدا کی آواز تھی اس آگ سے صاف بچائے گئے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بتوں کو اپنے ہاتھ سے توڑا جو خانہ کعبہ میں رکھے گئے تھے۔ جس طرح حضرت ابراہیم نے بھی بتوں کو توڑا۔ اور جس طرح حضرت ابراہیم خانہ کعبہ کے بانی تھے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کی طرف تمام دنیا کو جھکانے والے تھے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا کی طرف جھکنے کی بنیاد ڈالی تھی۔ لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بنیاد کو پورا کیا۔ آپ نے خدا کے فضل اور کرم پر ایسا توکل کیا کہ ہر ایک طالب حق کو چاہئے کہ خدا پر بھروسہ کرنا آنجناب سے سیکھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس قوم میں پیدا ہوئے تھے جن میں توحید کا نام و نشان نہ تھا۔ اور کوئی کتاب نہ تھی۔ اسی طرح ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس قوم میں پیدا ہوئے جو جاہلیت میں غرق تھی۔ اور کوئی ربانی کتاب ان کو نہیں پہنچی تھی۔ اور ایک یہ مشابہت ہے کہ خدا نے ابراہیم کے دل کو خوب دھویا اور صاف کیا تھا یہاں تک وہ خویش اور اقارب سے بھی خدا کے لئے بیزار ہو گیا اور دنیا میں بجز خدا کے اس کا کوئی بھی نہ رہا۔ ایسا ہی بلکہ اس سے بڑھ کر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر واقعات گزرے۔ اور باوجودیکہ مکہ میں کوئی ایسا گھر نہ تھا جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی شعبہ قرابت نہ تھا۔ مگر خالص خدا کی طرف بلانے سے سب کے سب دشمن ہو گئے اور بجز خدا کے ایک بھی ساتھ نہ رہا۔ پھر خدا نے جس طرح ابراہیم کو اکیلا پا کر اس قدر اولاد دی جو آسمان کے ستاروں کی طرح بے شمار ہو گئی۔ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اکیلا پا کر بے شمار عنایت کی۔ اور وہ صحابہ آپ کی رفاقت میں دیئے جو نجوم السماء کی طرح نہ صرف کثیر تھے بلکہ ان کے دل توحید کی روشنی سے چمک اٹھے تھے۔

(تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد 15 ص 476)

داخلہ مدرسۃ الظفر (معلمین کلاس)

مدرسۃ الظفر ربوہ میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میٹرک کے نتیجہ کے بعد ہوگا معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

ایسے طلباء جو زندگی وقف کر کے مدرسۃ الظفر میں داخلہ کے خواہشمند ہیں۔ وہ داخلہ کیلئے ابھی سے اپنی درخواست والد/سرپرست کی تصدیق کے ساتھ اور مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی تصدیق سے نظامت ارشاد وقف جدید ربوہ کو ارسال کریں تا کہ داخلہ کے انٹرویو سے پہلے ضروری دفتری کارروائی مکمل کی جاسکے گی۔

شرائط برائے داخلہ مدرسۃ الظفر

☆ امیدوار کا میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 20 سال سے زائد نہ ہو

☆ ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 22 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔

☆ مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

ہدایات

1۔ امیدواران درخواست میں نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش سکول کے ریکارڈ کے مطابق درج کریں نیز واقفین نو اپنا حوالہ وقف نو بھی درج کریں۔ امتحان کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ کی اطلاع دیں اور سند/رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی دفتر نظامت ارشاد وقف جدید میں بھجوائیں۔

2۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔ عربی اور انگریزی کے معیار کو نیز دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں۔ کتب سیرت النبی ﷺ سیرت حضرت مسیح موعود، مختصر تاریخ احمدیت کامیابی کی راہیں، دینی معلومات شائع کردہ خدام الاحمدیہ نیز روزنامہ الفضل اور جماعتی رسالہ جات کا مطالعہ کرتے رہیں۔

نوٹ: 1۔ انٹرویو کے وقت میٹرک/ایف اے/ایف ایس سی کی اصل سند/رزلٹ کارڈ ساتھ لائیں۔

2۔ مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں

فون نمبر: 047-6212968

فیکس: 047-6214329

(ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں) نمبر 4

سوال: مولوی نذیر حسین دہلوی اور مولوی عبدالحق کو مباحثہ کی دعوت کب دی۔
جواب: 2/ اکتوبر 1891ء کو۔
سوال: حضور کا دہلی میں مولوی محمد بشیر صاحب بھوپالوی سے مباحثہ کب ہوا۔
جواب: 23/ اکتوبر 1891ء کو جو ''الحق مباحثہ دہلی'' کے نام سے شائع ہوا۔
سوال: جماعت احمدیہ کا پہلا جلسہ سالانہ کب ہوا اور اس میں کتنے احباب نے شرکت فرمائی۔
جواب: 27 دسمبر 1891ء کو پہلا جلسہ سالانہ بیت اقصیٰ قادیان میں ہوا جس میں 75 افراد شریک ہوئے۔
سوال: حضرت مسیح موعود کی صاحبزادی شوکت صاحبہ کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔
جواب: ولادت: 1891ء۔ وفات: 1892ء
سوال: حضور نے اہل لاہور پر اتمام حجت کے لئے سفر لاہور کب کیا۔
جواب: جنوری 1892ء کے تیسرے ہفتے میں۔
سوال: حضور نے دعویٰ کے بعد سفر سیالکوٹ کب فرمایا اور کس کے مکان میں فروکش ہوئے۔
جواب: فروری 1892ء کے دوسرے ہفتے میں سفر سیالکوٹ فرمایا اور حضرت حکیم حسام الدین صاحب کے گھر فروکش ہوئے۔
سوال: حضور کی کتاب نشان آسمانی کی تصنیف و اشاعت کب ہوئی۔
جواب: مئی 1892ء میں تحریر فرمائی اور جون 1892ء میں شائع ہوئی۔
سوال: پیشگوئی کے مطابق مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کی وفات کب ہوئی۔
جواب: 30 ستمبر 1892ء کو۔
سوال: حضور نے علماء کو مباہلہ کی پہلی دعوت عام کب دی۔
جواب: 10 دسمبر 1892ء کو۔
سوال: دوسرا جلسہ سالانہ کب منعقد ہوا اور کتنے احباب نے شرکت کی۔
جواب: 27،28،29 دسمبر 1892ء کو منعقد ہوا اور 327 احباب نے شرکت کی۔
سوال: حضور کو ایک رات میں عربی زبان کے چالیس ہزار مادے کب سکھائے گئے۔
جواب: جنوری 1893ء میں۔
سوال: حضرت خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑاں شریف نے حضور کو خراج عقیدت کب پیش کیا۔
جواب: جنوری 1893ء میں۔
سوال: حضور نے لیکھرام کی ہلاکت کی پیش گوئی کب شائع فرمائی۔
جواب: جنوری 1893ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب آئینہ کمالات اسلام کب شائع ہوئی۔
جواب: فروری 1893ء میں۔
سوال: حضور نے ملکہ وکٹوریہ کو پیغام حق کب بھجوایا۔
جواب: فروری 1893ء میں۔
سوال: حضور نے مخالفین کو عربی زبان میں مقابلہ کی دعوت کب دی۔
جواب: 30 مارچ 1893ء کو۔
سوال: حضور کے صاحبزادے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔
جواب: ولادت: 20/ اپریل 1893ء۔ وفات: 2 ستمبر 1963ء
سوال: حضور نے اپنی کتاب برکات الدعا کیوں تصنیف فرمائی۔
جواب: سرسید احمد خان صاحب کے نظریات کے بطلان کے لئے۔
سوال: حضور کا امرتسر میں عبداللہ آتھم کے ساتھ مباحثہ کب ہوا۔
جواب: 22 مئی تا 5 جون 1893ء مباحثہ ہوا۔ جو جنگ مقدس کے نام سے شائع ہوا۔
سوال: حضور نے عبداللہ آتھم کے بارے میں پیشگوئی کب فرمائی۔
جواب: 5 جون 1893ء کو۔
سوال: حضور نے سفر جنڈیالہ ضلع امرتسر کب اختیار کیا۔
جواب: جون 1893ء میں۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/ امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 7 جون 2008ء کو قبل از نماز ظہر بمقام بیت فضل لندن درج ذیل نماز جنازہ حاضر پڑھائی۔

مکرم محمد حسین صاحب

مکرم محمد حسین صاحب ابن مکرم احمد دین صاحب 4 جون کو لندن میں وفات پا گئے۔ مرحوم نہایت مخلص دیندار، تقویٰ شعار اور خدمت گزار انسان تھے۔ آپ یو۔کے جماعت کی ضیافت کی ٹیم کے ساتھ مختلف جماعتی فنکشنز میں خدمت سر انجام دیتے رہے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے ساتھ مغفرت کا سلوک فرمائے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں جگہ دے۔ نیز ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے اور خود ان کا نگہبان ہو۔ آمین

جلسہ یوم خلافت احمد نگر

مورخہ 13 مئی کو جماعت احمدیہ احمد نگر کے زیر اہتمام محترم شیخ مبارک احمد صاحب ناظر مال آمد کی زیر صدارت جلسہ یوم خلافت بیت المجیب احمد نگر میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ کے مہمان خصوصی محترم قاری نواب احمد صاحب قادیان تھے۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا نظم کے بعد محترم ظفر اقبال ساہی صاحب مربی سلسلہ احمد نگر نے مہمانان کا تعارف کروایا۔ بعد ازاں محترم مہمان خصوصی صاحب نے خلافت کی برکات کے موضوع پر خطاب کیا اور محترم شیخ مبارک احمد صاحب نے خلفاء کے ایمان افروز واقعات سنائے اور آخر پر محترم محمد اکرم بٹ صاحب صدر جماعت احمد نگر نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس جلسہ کی کل حاضری 1726 تھی۔ آخر پر سب حاضرین میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلافت کا حقیقی خادم بنائے رکھے۔ آمین

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم صفوان احمد ملک صاحب نمائندہ مینیجر الفضل اشتہارات کی ترغیب توسیع اشاعت اور چندہ جات کی وصولی کے لئے راولپنڈی اور اسلام آباد کے دورہ پر ہیں جملہ عہدیداران جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

جامعہ احمدیہ ربوہ میں سال 2008ء میں داخلے کی غرض سے خواہشمند طلباء اپنی طرف سے درخواست سادہ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے تحریر کر کے بنام وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ بھجوائیں۔

☆ اس درخواست میں امیدوار اپنا نام، ولدیت، پتہ تاریخ پیدائش، تعلیم اور اگر واقف نو ہے تو اس کا حوالہ نمبر ضرور تحریر کرے۔

☆ درخواست پر امیدوار کے والد/ سرپرست کے دستخط ہونے بھی ضروری ہیں۔

☆ درخواست امیر صاحب/ صدر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ بھجوائیں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی میں ناصر فاؤنڈیشن کے تحت شام کے اوقات میں گرلز کالج کے اجراء کے سلسلہ میں جائزہ لیا جا رہا ہے اس سلسلہ میں ایسی خواتین ٹیچرز کی ضرورت ہے جو شام کے اوقات میں تدریس کروانے کی خواہشمند ہیں اور وقف کے جذبہ کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتی ہوں۔ مندرجہ ذیل مضامین ٹیچرز کی ضرورت ہے۔ انگریزی، اردو، اسلامیات، مطالعہ پاکستان، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی کمپیوٹر سائنس۔ اپنی درخواستیں بنام چیئرمین ناصر فاؤنڈیشن (نظارت تعلیم) مصدقہ از صدر محلہ /امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول مورخہ 30 جون 2008ء تک ارسال فرمائیں۔

(چیئرمین ناصر فاؤنڈیشن)

دعائے نعم البدل

مکرمہ امۃ النور صاحبہ اہلیہ مکرم مبارک احمد شاہد صاحب کارکن نظامت جائیداد تحریر کرتی ہیں۔

میرا بھتیجا عزیزم دانیال احمد ابن مکرم رشید محمد صاحب بعمر ساڑھے پانچ سال مورخہ 7 جون 2008ء کو بقضائے الٰہی لندن میں وفات پا گیا ہے۔ عزیزم دانیال احمد مکرم شیر محمد صاحب مرحوم خادم حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا پوتا تھا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور نعم البدل سے نوازے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم انیس احمد ندیم صاحب

جماعت احمدیہ جاپان کی خلافت جوبلی تقریبات

یکم جنوری نئے عیسوی سال کا پہلا دن ہے۔ جسے باقی دنیا کی طرح جاپان میں بھی بڑے اہتمام سے منایا جاتا ہے۔ New Year کی مناسبت سے ملک بھر میں ایک ہفتہ کی چھٹیاں ہوتی ہیں اور سال بھر میں یہی ایک موقع ہوتا ہے جب اکثر جاپانی عبادت کے لیے ٹیمپل کا رخ کرتے ہیں۔

نئے سال کا استقبال

جماعت احمدیہ عالمگیر کے لیے سال 2008ء غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ اس سال حضرت مسیح موعود کی خلافت کے قیام کو سو سال مکمل ہو رہے ہیں اور ساری دنیا کی جماعت اللہ تعالیٰ کے حضور سجدات شکر بجالاتے ہوئے اس نعمت پر اپنی خوشی کا اظہار کر رہی ہیں۔ یکم جنوری کو نئی صدی کے اس پہلے دن جماعت احمدیہ جاپان کے دونوں مراکز میں نماز تہجد کا اہتمام کیا گیا۔ ناگویا میں نماز تہجد اور فجر کی ادائیگی کے بعد درس میں خصوصی طور پر خلافت جوبلی کے سال کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں پر اظہار تشکر کے لیے دوران سال منعقد ہونے والے تمام پروگراموں میں بھرپور طریق سے شریک ہونے کی درخواست کی گئی۔

صبح کی سیر کے پروگرام میں مشن ہاؤس کے قریب ہی اس جگہ کا انتخاب کیا گیا جہاں جاپانی بڑے شوق سے نئے سال کا پہلا طلوع ہوتا ہوا سورج دیکھتے خاموش عبادت کرتے اور بڑے اہتمام کے ساتھ تصاویر کھینچی جاتی ہیں۔ تمام مرد احباب جماعت جن میں اطفال اور کم سن بچے بھی شامل تھے اس سیر سے بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ اور جونہی سورج کی کرنیں نظر آئیں نعرہ تکبیر اور خلافت احمدیہ زندہ باد کے نعروں سے اپنے جذبات کا اظہار کیا گیا۔ بعد ازاں اجتماعی طور پر دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ اس نئے سال کو احمدیت کے لیے غیر معمولی نصرت اور کامیابی کا باعث کرے اور یہ ہم سب کے لیے امن اور سلامتی کا باعث ہو۔

صبح دس بجے خلافت جوبلی کے حوالہ سے منعقدہ اس پروگرام کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد واقفین نو بچیوں نے بڑی مترنم آواز میں درود شریف پیش کیا پھر نظم پڑھی گئی جس کے بعد خاکسار نے خلافت جوبلی کے حوالہ سے احباب جماعت کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ آج کے پروگرام کا عنوان تھا ''احمدیت کا نور ہمارے گھر میں'' جس میں تمام مرد احباب جماعت نے اپنے اپنے خاندان میں احمدیت کس طرح آئی اور ابتدائی بزرگان نے کس طرح اس امانت کو ہم تک پہنچایا پر اظہار خیال کیا یہ نہایت دلچسپ پروگرام ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہا جس میں 21 احباب نے اپنے خاندان میں احمدیت کا تذکرہ کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں اس کے فضل و احسان پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد سپورٹس کے مقابلہ جات منعقد کیے گئے اور قریبی بالنگ سنٹر میں انصار اور خدام کے الگ الگ مقابلہ جات منعقد ہوئے جن سے تمام احباب جماعت بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ نماز مغرب اور عشاء کی ادائیگی کے بعد تمام احباب جماعت کی خدمت میں چائے اور شیرینی تقسیم کی گئی اور اس کے ساتھ ہی خلافت جوبلی کے سلسلہ کا پہلا پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔ اس موقع پر مشن ہاؤس کو چراغاں کے ذریعہ سجایا گیا۔

یوم مصلح موعود اور یوم مسیح موعود

یوم مسیح موعود اور یوم مصلح موعود کے حوالہ سے جماعت احمدیہ جاپان کی دونوں جماعتوں میں جلسے منعقد کئے گئے ان دنوں کی اہمیت، بیعت اولیٰ کی تفصیلات اور پیشگوئی مصلح موعود کی اہمیت عظمت اور حضرت مصلح موعود کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا گیا۔ یہ جلسے 17 فروری بروز اتوار ہوئے۔ 20 فروری کے دن نفلی روزہ کا پروگرام مرتب کیا گیا تھا۔ ان جلسوں میں خصوصیت سے حضرت مصلح موعود کے اُن کارناموں کو نمایاں الفاظ میں بیان کیا گیا جو آپ نے استحکام خلافت کے لیے سرانجام دیے۔

محفل نعت

16 مارچ کو محفل نعت منعقد کی گئی۔ اس محفل نعت میں تمام احباب جماعت نے جماعت احمدیہ کے شعراء کے نعتیہ کلام میں سے چنیدہ نعتیں پیش کیں۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد خاکسار نے نعت کی تعریف، خصوصیات اور جماعت احمدیہ کے شعراء کے امتیاز کے حوالہ سے چند کلمات ادا کئے۔ واقفین نو نے درود شریف نہایت خوش الحانی اور مترنم آواز میں پیش کیا بعد ازاں باری باری احباب جماعت نے آنحضور ﷺ کی مدح اور شان میں نعتیہ کلام بڑی محبت اور جذبات سے لبریز انداز میں پیش کیا۔ خاکسار نے نمونہ کے طور پر اردو زبان کے علاوہ، عربی، فارسی اور پنجابی زبان کے نعتیہ اشعار کے بھی بعض نمونہ پیش کئے۔ اس محفل نعت میں مختلف پہلوؤں سے نعت کی خوبیوں اور اہمیت کو بیان کیا گیا۔

یہ نہایت دلچسپ اور ایمان افروز مجلس تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی جس میں رسول اللہ ﷺ کے حسن و جمال اور اوصاف کریمانہ کے تذکرے ہوئے اور حضرت مسیح موعود کے عشق رسول کے تذکرہ کے ساتھ یہ محفل اپنے اختتام کو پہنچی۔

واقفین نو کی پکنک اور خصوصی پروگرام

13 اپریل 2008ء کو واقفین نو اور والدین کے ساتھ ایک پکنک کا پروگرام ترتیب دیا گیا۔ اس پروگرام کا خاص مقصد بھی خلافت جوبلی کے حوالہ سے ایم۔ٹی۔اے کے چند پروگراموں کی ریکارڈنگ تھی۔ اس پکنک کے لیے ناگویا سے 70 کلومیٹر کی مسافت پر واقع اُس پارک کا انتخاب کیا گیا جہاں سیدنا حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ جاپان کے دوران ورود فرمایا تھا اور دوپہر کا کھانا تناول فرمایا تھا۔

جاپان میں موسم بہار کے دوران پھولوں کا نظارہ قابل دید ہوتا ہے۔ اپریل کے پہلے ہفتہ میں جاپان کا مشہور پھول Sakura اپنے عروج پر ہوتا ہے۔ اور بکثرت لوگ اسے دیکھنے کے لیے گھروں سے باہر نکلتے اور پارکوں اور مخصوص جگہوں کا رُخ کرتے ہیں۔ پھول دیکھنے کو بھی باقاعدہ تہوار کی طرح منایا جاتا ہے اور اس حوالہ سے ذرائع ابلاغ میں بھی اس کا خوب چرچا ہوتا ہے۔

13 اپریل کو طے شدہ پروگرام کے مطابق صبح نو بجے دعا کے ساتھ ہم اپنے سفر پر روانہ ہوئے اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد ہم اپنی منزل مقصود تک پہنچ چکے تھے۔ پارک میں داخل ہوتے ہی مختلف پھولوں کی بھینی خوشبو نے ہمارا استقبال کیا اور ان پھولوں کو جس قرینے سے سجایا گیا تھا وہ ان کے حسن و رنگ میں مزید اضافہ کر رہی تھی۔

لجنہ اور مرد حضرات نے پارک کے الگ الگ حصوں میں چہل قدمی کرتے ہوئے ان حسین مناظر سے لطف اُٹھایا۔ دوران سیر بعض غیر ملکی دوستوں سے رابطہ ہوا۔ پاکستان اور بنگلہ دیش سے آئی ہوئی ایک فیملی سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے اس بات پر غیر معمولی حیرت کا اظہار کیا کہ تمام خواتین پردہ کی دینی تعلیم کا خیال رکھتے ہوئے اس پروگرام میں شریک ہیں۔

اس دوران کھانے کی تیاری مکمل ہو چکی تھی۔ کھانے کے بعد نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں اور اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام

''بہار آئی ہے اس وقت خزاں میں''

پیش کیا گیا۔ اس کے بعد تمام دوستوں کو بہار اور پھولوں کے حوالہ سے اشعار پیش کرنے کی دعوت دی گئی۔ ظفر اللہ ڈار صاحب اور انور احمد صاحب نے اشعار اور نظمیں پیش کرکے بہار کے اس موسم میں ایک نیا رنگ بکھیرا۔ ایک واقف نو نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا منظوم کلام

''گلشن میں پھول باغوں میں پھل آپ کے لیے''

پیش کیا جو اس خوبصورت نعتیہ غزل کی عملی تصویر نظر آرہا تھا۔

اس کے بعد واقفین نو اور دیگر بچوں اور بچیوں نے پہلے سے تیار کردہ ترانے، نغمے اور جاپانی زبان میں مختلف تہنیتی فقرات ایم ٹی اے کے لیے ریکارڈ کروائے۔ مرزا حامد بیگ صاحب نے ایم ٹی اے کے حوالہ سے بعض مناظر ریکارڈ کئے۔

شام 5 بجے پروگرام کے مطابق ہم نے واپس روانہ ہونا تھا اس سے پہلے چائے اور شامی کباب کے ساتھ احباب کی تواضع کی گئی۔ پارک کا ایک حصہ غیر ملکی پھولوں پر مشتمل ایک محل کی صورت میں تعمیر کیے گئے ایک حصہ پر مشتمل تھا جہاں تصاویر بنوانے کے لیے پھولوں کو بہت قرینے سے سجایا گیا تھا۔ ہندوستان، میکسیکو، اٹلی اور دیگر ممالک کے مشہور اور خوبصورت پھول یہاں سجائے گئے تھے جہاں ان ممالک کی تہذیب و ثقافت کی بھی ایک جھلک نظر آرہی تھی۔

اس پروگرام میں 21 واقفین نو بچوں اور بچیوں سمیت مجموعی طور پر 60 احباب جماعت نے شرکت کی۔

کوبے میں آنے والے زلزلہ کی تقریب میں جماعت کے وفد کی شرکت

17 جنوری 1995ء کو جاپان کے ساحلی شہر کوبے میں ایک تباہ کن زلزلہ کے نتیجہ میں پانچ ہزار سے زیادہ لوگ ہلاک ہوگئے، ہزاروں زخمی ہوئے اور اسی طرح بے گھر ہونے والوں کی تعداد بھی ہزاروں تھی۔ سخت سردی کے موسم میں آنے والے اس زلزلہ کی شدت 7.9 تھی جس نے جاپان کے اس وسطی ساحلی شہر کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔

جماعت احمدیہ جاپان نے فوری طور پر خدمت انسانیت کے اس موقع کے لیے اپنی بے لوث خدمات پیش کر دیں۔ اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی مشفقانہ راہنمائی کے نتیجہ میں مکرم مغفور احمد منیب صاحب سابق امیر جماعت جاپان کی قیادت میں احباب جماعت جاپان نے غیر معمولی طور پر بھرپور قربانی کی توفیق حاصل کی۔ مسلسل تین ماہ تک زلزلہ زدہ اس شہر میں خدمت خلق کے ہر موقع کو بڑی خوشی سے اپنا فرض سمجھتے ہوئے ادا کیا۔ گٹروں کی صفائی، پانی کی فراہمی، تباہ شدہ گھروں سے سامان کی منتقلی سمیت ہر طرح کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ سخت سردی کے ان ایام میں چائے اور دالوں سے تیار کردہ سوپ زلزلہ کے متاثرین کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ تھا۔

گزشتہ سال 2007ء میں خاکسار نے اُس وارڈ آفس سے رابطہ کیا جو زلزلہ سے سب سے زیادہ متاثر ہوا تھا اور اپنا تعارف کرواتے ہوئے جماعت کی اُس لمبی خدمت کا ذکر کیا جو بارہ سال قبل احمدی والنٹیئرز نے کی تھی۔ اس کے ساتھ ایک خط تیار کروا کے اہل کوبے کے نام اپنے جذبات کا اظہار اس رنگ

(باقی صفحہ 4 پر)

جدید تنقیدی روّیوں کا علمبردار ادیب

جناب ڈاکٹر عبدالکریم خالد صاحب

از قلم: جناب ڈاکٹر سید شبیہ الحسن صاحب

عصر حاضر میں ایسے تخلیق کاروں کی کمی بے حد محسوس کی جا رہی ہے جو سنجیدگی سے علم و ادب کی آبیاری میں مصروف ہوں۔ اس کا بنیادی سبب شاید یہ ہو کہ علم و ادب کے شیدائیوں کے لیے اب ہمارے تجارتی معاشرے میں کوئی جگہ سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔

یہ دنیا جغرافیائی اعتبار سے تو شاید ایک گلوبل ویلج بن گئی ہو مگر فکری سطح پر تخلیق کاروں میں آج بھی بعد المشرقین موجود ہے۔ اسی بات کو دوسرے لفظوں میں یوں کہہ لیجیے کہ ہم ایک گلوبل ویلج میں رہتے ہوئے بھی اخلاقی، معاشرتی، معاشی اور مذہبی سطح پر ایک دوسرے سے جداگانہ حیثیت رکھتے ہیں۔ میرے خیال میں پوری دنیا میں جغرافیائی ہم آہنگی سے قبل فکری ہم آہنگی ضروری ہے اور یہ کام سائنس اور ٹیکنالوجی نہیں بلکہ سنجیدہ فکر اہل ادب اور ادیب ہی کر سکتے ہیں۔ تخلیق کاروں میں سنجیدگی کے مفقود ہونے کا ایک بڑا سبب یہ بھی ہے کہ قاری، ادب اور ادیب کی مثلث ٹوٹ پھوٹ چکی ہے۔ ادب زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں، ادیب کا قلم احباب کی خوشنودی کے لیے وقف ہو گیا ہے اور قاری نے اس ادب کش صورت حال میں ادبی تخلیقات سے ناتا توڑ کر مخرب اخلاق ڈائجسٹوں میں پناہ ڈھونڈ لی ہے۔ اس بدترین ادبی بحران میں اگر کوئی تخلیق کار جلبِ منفعت سے دور رہتے ہوئے قلم کی حرمت کا امین بن جائے اور اپنے آپ کو علم و ادب کے فروغ کے لیے وقف کر دے تو انسانی عقل دنگ اور آنکھ جوش مسرت سے نم ہو جاتی ہے۔ یہ تخلیق کار ڈاکٹر عبدالکریم خالد ہیں جو ربع صدی سے ادب کی بنجر زمینوں کو اپنے تازہ افکار اور خردمند نظریات سے سیراب کر رہے ہیں۔ شعر و ادب سے ان کی یہی وابستگی اور بے لوث دلبستگی انہیں اپنے ہم عصر تخلیق کاروں میں ممتاز بنانے کا موجب ہے۔

اُردو میں ایسے ہوش مند نقادوں کی کمی نہیں جنہوں نے معاشرتی مسائل کو سمجھا اور ان کی اصلاح کے لیے ادب کو ذریعہ بنایا۔ آپ سرسید احمد خاں سے عبدالکریم خالد تک تمام ناقدین کی تحریرات کا مطالعہ فرما لیجیے۔ آپ کو ان کی تخلیقات میں اصلاحِ معاشرہ کا خصوصی رنگ جھلکتا دکھائی دے گا۔ عبدالکریم خالد معاشرے کو عمیق نگاہی سے دیکھنے کے عادی ہیں یہی سبب ہے کہ انہیں معاشرے میں بنتی بگڑتی صورتِ حال صاف نظر آتی ہے۔ کہیں تو وہ اس المناک صورتِ حال پر طنز کے تیر برساتے ہیں اور کہیں محض کفِ افسوس مل کر رہ جاتے ہیں۔ ان دونوں کیفیتوں میں عصائے دردمندی ان کا سہارا بنتا ہے اور وہ اسی عصا کے ذریعہ معاشرے کے خوفناک اژدھوں کو نگلنے کی مشکور سعی کرتے ہیں۔ آپ ان کے مختلف مضامین کا مطالعہ فرمائیے گا تو آپ کو فوراً احساس ہو جائے گا کہ وہ معاشرتی المیوں کا اظہار کتنی دردمندی اور غم انگیزی سے کرتے ہیں۔

عبدالکریم خالد ایک دردمند دل کے مالک ہیں۔ یہی سبب ہے کہ وہ معاشرے میں موجود منفی روّیوں کا وجود برداشت کرنے کے لیے ہرگز تیار نہیں ہیں۔ وہ اپنے مضامین میں معاشرے کے منفی روّیوں پر طنز کے تیر برساتے ہیں۔ اُن کا یہ طنزیہ لب و لہجہ اس وقت مزید ترش ہو جاتا ہے جب وہ معاشرے پر غاصب قوتوں کو قبضہ دیکھتے ہیں۔ ان کا واضح موقف یہ ہے کہ اس پاک سرزمین پر اسی وقت تخلیقی قوتوں کو فروغ حاصل ہو سکتا ہے جب جینوئن ادیبوں اور شاعروں کو ان کا جائز حق ملے گا۔ ان کے خیال میں عصرِ حاضر میں نظریہ سازی اور فہم و فراست کی روایت اس لیے کمزور ہوتی جا رہی ہے کہ ہم حامد کی پگڑی محمود کے سر رکھنے کے عادی ہوتے جا رہے ہیں۔ ادب، ادیب کا دشمن ہو چکا ہے اور بونے قد کے لوگ پُرعظمت تخلیق کاروں کی دستاروں کو نوچنے کی فکر میں ہیں۔ اس نازک زمانے میں جہاں ہر صاحبِ بصیرت تخلیق کار دونوں ہاتھوں سے اپنی دستار سنبھالنے میں مصروف ہے وہاں قرطاس و قلم ابلہوں کے ہاتھوں میں کھلونا بن جائے تو کونسی حیرت کی بات ہے عبدالکریم خالد اس ملال انگیز کیفیت کا احساس کرتے ہیں کہ حق و صداقت کا علم بلند کرنے والوں کو طرح طرح کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے تاہم حق پرستوں کے لیے سچ کی خاطر اپنی جان قربان کرنا بھی اعزاز کی بات ہے۔

سچ کو سچ لکھا ہے ہم نے کس لیے پچھتائیں گے
رات کو سورج کے جلوے چاند ہی کہلائیں گے

ڈاکٹر عبدالکریم خالد حالات کی یورش سے کبیدہ خاطر تو ہوتے ہیں لیکن مایوس نہیں۔ ان کی ایسی رجائیت پسندی انہیں عزم و حوصلہ عطا کرتی ہے اور ان کا اشہب قلم صفحۂ قرطاس پر بے تکان دوڑنے لگتا ہے۔ وہ ایک مرتبہ پھر پرانی باتوں اور یادوں کو بھلا کر سماج اور ادب کی بہتری کے لیے منصوبہ سازی شروع کرتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں عبدالکریم خالد اپنے ہم عصروں میں نمایاں نظر آتے ہیں۔ حقیقت ہے کہ جب ایک تخلیق کار ہی سیلِ زمانہ میں خس و خاشاک بن کر بہہ جائے گا تو عام انسان کا ذکر ہی کیا ہے۔ ہر ذی ہوش کو اچھی طرح علم ہے کہ جینوئن نقاد اپنے نظریات و افکار کے ذریعہ سیلِ زمانہ کا رُخ پھیرنے پر قادر ہوتا ہے اور عبدالکریم خالد ربع صدی سے یہ کام بڑے حسن و خوبی کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالکریم خالد ایک بالغ نظر نقاد ہیں۔ ان کی تنقید کے پیچھے ربع صدی کا مطالعہ، برسوں کی تحریری ریاضت، اجداد کی ذہانت اور کاوشِ پیہم کا ہاتھ ہے۔ یہی سبب ہے کہ آپ کو ان کی تحریروں میں مکھی پر مکھی مارنے کا عمل نہیں ملے گا بلکہ وہ تنقید میں ایک جہانِ نو کے متلاشی رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک ایسا دستِ ہنر دیا ہے کہ وہ اپنی تنقیدی تحریر کے ذریعہ قاری کو ایک ایسے جہانِ طلسمات میں لے جاتے ہیں جہاں جا کر وہ حیرت زدہ رہ جاتا ہے اور جب وہ اس حیرت زدہ کیفیت سے واپس آتا ہے تو اس کے چودہ طبق روشن ہو گئے ہوتے ہیں اور وہ عبدالکریم خالد کا بھی مدح سرا ہوتا ہے اور ان کی تنقیدی تحریروں کا بھی۔

ڈاکٹر عبدالکریم خالد چیزوں کو ایک نئے تناظر میں دیکھنے کے عادی ہیں۔ جب تمام ناقدین تخلیق کو اپنی دونوں آنکھوں سے بھرپور طریقے سے جانچ پرکھ رہے ہوتے ہیں تو عبدالکریم خالد اپنا جدا راستہ بنانے کے لیے تخلیق کو تیسری آنکھ سے دیکھتے ہیں۔ یہ تیسری آنکھ دل کے کسی گوشے میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ دونوں آنکھوں کا نور کتنا ہی کشادہ اور ہوشیار کیوں نہ ہو یہ تیسری آنکھ کی بصیرت کا مقابلہ ہرگز نہیں کر سکتا۔ عبدالکریم خالد چاہتے تو کسی بھی سہل نگار نقاد کی طرح حاضر مواد کی ترتیب کو ادھر اُدھر کر کے قارئین سے داد وصول کر لیتے لیکن ان کی زندگی میں آسان کام کرنا بہت مشکل ہے۔ وہ اپنے ناخنِ تدبیر سے عقدۂ دشوار کھولنے کے ہنر سے آگاہ ہیں۔ یہی سبب ہے کہ وہ ہر موضوع کے لیے کسی ایسے رُخ کی تلاش کرتے ہیں جو معتبر ناقدین کی تگ و دو رس سے محفوظ رہ گیا ہو اور میرے خیال میں یہ دشوار کام تیسری آنکھ کی بینائی کے بغیر ممکن ہی نہیں ہے۔

ڈاکٹر عبدالکریم خالد ایک صاحبِ طرز نقاد ہیں۔ ان کا اسلوب بھی ان کے موضوعات کی طرح ہمہ گیر ہے۔ وہ زبان و بیان پر قدرت و مہارت رکھتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ وہ محض لفظوں کے طوطا مینا نہیں بناتے بلکہ مردہ حروف کے تنوں میں تازہ روح پھونک دیتے ہیں۔ زبان و بیان پر دسترس کے باعث وہ اپنے قاری پر سحر انگیز کیفیت پیدا کر دیتے ہیں اور قاری ان کی جادوئی سحر بیانی میں کھو جاتا ہے۔

اس معروضے کے آغاز میں راقم الحروف نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ عصر حاضر میں ہمارے ادب کش معاشرے میں سنجیدہ فکر تخلیق کاروں کا قحط ہے۔ اس قحط الرجال میں ڈاکٹر عبدالکریم خالد کا دم غنیمت ہے کہ وہ دنیاوی حرص و آز سے لاتعلق ہو کر علم و ادب کی شمع جلائے بیٹھے ہیں اور علم و ادب کے سینکڑوں پرستار اس روشنی سے بیش از بیش فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے سنجیدہ فکر ناقدین کے افکار و نظریات کا سنجیدگی سے مطالعہ کیا جائے اور معاشرے میں ان کے مقام و مرتبے کا بارِ دگر تعین کیا جائے۔ اگر ہم نے ایسی علم دوست شخصیات اور صاحبانِ فہم و ذکا کی عزت افزائی نہ کی تو آنے والا زمانہ ہمیں معاف نہیں کرے گا۔

❖......❖......❖

(بقیہ صفحہ 3)

میں کیا کہ زلزلہ سے تباہ حال ایک شہر بارہ سالوں میں ایک ہنستا بستا شہر بن چکا ہے جس کا شمار جاپان کے چند خوبصورت شہروں میں ہوتا ہے۔ اس طرح بارہ سال بعد ہمارا رابطہ اہل کوبے سے بحال ہوا اور ہمیں اُس تقریب میں مدعو کر لیا گیا جو زلزلہ زدگان کی یاد میں ہر سال 17 جنوری کو منعقد ہوتی ہے۔ اس موقع پر دس پندرہ ہزار لوگ اس تقریب میں شریک ہوتے ہیں اور اپنے عزیزوں، دوستوں اور پیاروں کی یاد میں دیئے روشن کرتے ہیں۔ اس موقع پر مختلف رضا کار تنظیمیں سٹال لگاتیں اور اظہار ہمدردی کرتی ہیں۔ ہم نے ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت اپنا کیمپ لگایا اور دس والنٹیرز نے ناگویا سے شرکت کی اور تقریباً ایک ہزار لوگوں کو چائے تقسیم کی گئی۔

امسال بھی 17 جنوری کو یہ تقریب منعقد ہوئی دس والنٹیرز کا قافلہ 16 جنوری کی رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ناگویا مشن ہاؤس سے روانہ ہوا لجنہ اماء اللہ کے خصوصی تعاون سے اگلے دن کے لئے کھانا وغیرہ بھی تیار کر کے ساتھ لے لیا گیا اور دعا کے ساتھ سفر کا آغاز ہوا۔ اڑھائی گھنٹہ کے ہائی وے کے سفر کے بعد رات تقریباً ایک بجے ہم کوبے پہنچ گئے ہمارے ساتھ واقفین نو، خدام اور انصار کے علاوہ ایک بچی عزیزہ ماریہ اور خاکسار کے ایک جاپانی ڈاکٹر دوست مکرم مائدا صاحب (MAEDA) بھی تھے۔

چائے کی تیاری اور تقسیم کے لیے الگ الگ ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں اور تمام رضا کاروں نے نہایت بہترین اور منظم انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کیں۔

مختلف اخبارات اور میڈیا کے تیس سے زائد نمائندوں نے ہمارا کیمپ وزٹ کیا۔ ایک مختصر تصویری نمائش بھی جاپان میں جماعت کی خدمت خلق کے میدان میں جھلکیاں پیش کر رہی تھی۔ اخبارات اور رسائل میں جماعت احمدیہ کی خدمت خلق کے میدان میں کاوشوں کو خاص طور پر سراہا گیا۔ ان تقریبات میں واحد غیر ملکی تنظیم ہیومینیٹی فرسٹ شرکت کرتی ہے اور اکثر جاپانی غیر معمولی طور پر اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم دوسرے علاقے سے یہاں آ کر ایک پر امن دین کا تعارف کروا رہے ہیں جو انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے۔

دو مرلہ جگہ پر گھر / فلیٹ کی تعمیر کے سلسلہ میں مفید مشورے اور نقشے

مکرم بشیر الدین کمال صاحب آرکیٹیکٹ

آجکل مہنگائی کا دور ہے۔ اس دور میں تو پیٹ پالنا مشکل ہو گیا ہے۔ کجا یہ کہ انسان رہنے کے لئے گھر تعمیر کرے۔ پھر زمین کی قیمت ہی بہت زیادہ ہے کہ جو کہ غریب آدمی کی خرید سے بھی باہر ہے۔ مگر جن کو اللہ تعالیٰ گھر کی تعمیر کے لئے زمین دے دیتا ہے۔ خواہ تھوڑی ہی کیوں نہ ہو۔ انہوں نے رہائش کے لئے اس جگہ پر گھر تعمیر کرنا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس تھوڑی سی زمین پر جو گھر تعمیر کرتا ہے اس پر لاگت بھی کم آئے۔ رہائش کے کمرے بھی زیادہ سے زیادہ ہوں۔ ان کا سائز بھی مناسب ہو۔ جگہ یعنی پلاٹ کا صحیح استعمال کیا گیا ہو۔ نقشہ تیار کرتے وقت سمتوں وغیرہ کا بھی خیال رکھا گیا ہو اور پھر سب سے بڑھ کر یہ دیکھنا ہوگا کہ روشنی اور ہوا کے مناسب گزر اور سمتوں کے خیال رکھنے کی وجہ سے گھر آرام دہ ہے کہ نہیں۔ جس کے لئے انسان اتنی تگ و دو کرتا ہے اور اتنی رقم خرچ کرتا ہے۔ کیا جو رقم خرچ کی جارہی ہے اس کا مصرف صحیح ہو رہا ہے۔ اچھے گھر میں بیڈروم، ٹی وی لاؤنج، کچن اور سیڑھیوں کی بہت اہمیت ہے۔ جس کا مختصر ذکر درج ذیل ہے۔

بیڈروم

بیڈروم کا اردو ترجمہ خواب گاہ ہے۔ لہٰذا خواب گاہ اس جگہ ہونی چاہئے۔ جہاں زیادہ سے زیادہ آرام میسر ہو سکے۔ پس صحیح معنوں میں خواب گاہ اس وقت ہوگی جب یہ کمرہ آرام دہ ہوگا ورنہ نہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سب سے زیادہ اہمیت کا حامل کمرہ خواب گاہ ہی ہے۔ جس کو گرمیوں میں از خود ٹھنڈا اور سردیوں میں گرم ہونا چاہئے اور جس میں سے ہوا کا گزر آسانی سے ہو۔

ٹی وی لاؤنج

دوسرے نمبر پر ٹی وی لاؤنج آتا ہے۔ یہ تمام فیملی کا کمرہ ہے۔ جہاں تمام فیملی کے افراد اٹھتے بیٹھتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ وقت یہاں گزارا جاتا ہے۔ یہ کمرہ بھی زیادہ سے زیادہ آرام دہ ہونا چاہئے۔ جہاں ہوا کا گزر آسانی سے ہو۔ اس کا سائز فیملی کے لحاظ سے باقی کمروں سے بڑا ہونا چاہئے۔

کچن

کچن کی اہمیت بھی ظاہر و باہر ہے۔ اس سے پہلے اخبار الفضل میں اس کا کافی ذکر کیا جا چکا ہے۔ اس کمرہ میں دن میں ایک بار دھوپ، بُو اور جراثیم وغیرہ کے ختم کرنے کے لئے ضرور آنی چاہئے اور ہوا کا گزر بھی آسانی سے ہونا چاہئے۔

سیڑھیاں

ایسی جگہ ہوں جہاں آسانی سے ایک گھر سے دو گھر یا دو سے زیادہ گھر ہو سکیں اور کسی ایک گھر کا پردہ وغیرہ میں خلل واقع نہ ہو۔ اگر دو Independent گھر بنانے مقصود نہ ہوں تو ایک گھر کے لئے بھی وہی سیڑھیاں کافی ہوں۔ I (آئی) شکل کی بجائے U (یو) شکل کی سیڑھیاں زیادہ بہتر اور زیادہ فائدہ مند ہوتی ہیں جیسا کہ نیچے دیئے ہوئے ڈیزائن (نقشہ) سے مندرجہ بالا فوائد عیاں ہیں۔ I شکل کی سیڑھیوں سے بے پردگی کا امکان ہے۔ جبکہ یو شکل کی سیڑھیوں سے بے پردگی کا امکان نہیں ہے اور پھر I شکل کی سیڑھیاں اچھی بھی نہیں لگتیں۔

دو مرلہ گھر کا نقشہ A ایک آرکیٹیکٹ کا تیار کردہ ہے۔ جبکہ B ایک غیر آرکیٹیکٹ کا تیارہ کردہ ہے۔ دونوں میں فرق ظاہر و باہر ہے۔ ایک آرکیٹیکٹ کے نقشہ میں نچلی منزل میں ڈرائنگ روم اور ٹی وی لاؤنج کے علاوہ دو باتھ روم، سیڑھیاں، کچھ پورچ جو بطور صحن کے استعمال ہو سکتی ہے دیا گیا ہے۔ جبکہ پہلی منزل پر دو بیڈروم، کچن پر سٹور، دو باتھ روم جبکہ پورچ کے اوپر صحن دیا گیا ہے۔ اس طرح ایک اچھی خاصی فیملی کے لئے دو مرلہ جگہ پر اچھی رہائش والا گھر تعمیر ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ نقشہ A سے ظاہر ہے۔

پس رہائش، جگہ، روشنی اور بچت کے لحاظ سے کون سا نقشہ بہتر ہے۔ اس کا فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔

اب فلیٹ کے بارہ میں کچھ معلومات پیش خدمت ہیں۔

فلیٹس

فلیٹ کے معنی کھلی جگہ کے ہیں۔ لیکن عملاً فلیٹ میں کھلی جگہ نہیں ملتی۔ گویا کہ عملاً معاملہ الٹ ہے۔ خاکسار کے نزدیک اس قسم کے فلیٹ جہاں کھلی جگہ کم ہو یا زیادہ جگہ میسر نہ ہو تو تعمیر ہونے چاہئیں۔ اس قسم کے فلیٹ زیادہ تر ٹھنڈے ملکوں میں تعمیر ہوتے ہیں اور ہونے چاہئیں۔ کیونکہ ٹھنڈے ملکوں میں ٹھنڈ/ برف کے دوران یا بعد میں باہر کھلی جگہ اٹھنے، بیٹھنے اور لیٹنے کا تصور ممکن نہیں اور ضروری بھی نہیں۔ ٹھنڈ کی وجہ سے آکسیجن کمروں کے اندر وافر مقدار میں ہوتی ہے۔ جو انسانی صحت کے لئے ضروری ہے۔ اس لئے کمروں کے اندر رہنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس کے مقابل پر گرم ملکوں میں جو فلیٹ تعمیر ہوں ان میں کھلی جگہ، صحن، Covered Terrace رکھنے بہت ضروری ہیں۔ جہاں ہوا اور روشنی وافر مقدار میں انسان کو ملے اور پھر گرم علاقوں میں کھلی جگہ اٹھنے، بیٹھنے اور لیٹنے کا تصور ضروری ہے اور ضرورت بھی ہے۔ کیونکہ انسان سارا دن اندر نہیں رہ سکتا۔ بلکہ اکتا جاتا ہے۔ چاہتا ہے کہ کھلی جگہ ہو۔ جہاں جا کر وہ بیٹھے، اٹھے اور لطف اندوز ہو۔ پس کھلی جگہ فلیٹ میں جتنی زیادہ سے زیادہ میسر آسکے دینی چاہئے۔ بلکہ ضرور دینی چاہئے۔ جیسا کہ اوپر نقشہ میں دو مرلہ مکان کو فلیٹ کی شکل میں تعمیر کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔

اگر دو کمروں کا فلیٹ تعمیر کرنا مقصود ہو تو دیئے ہوئے Plan کے مطابق تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے۔

یاد رکھئے ہمارے ملکوں میں یعنی گرم ملکوں میں 24 گھنٹے کمروں میں رہنا بہت مشکل ہے۔ انسان اکتا جاتا ہے۔ قدرتی طور پر خصوصاً گھر کی مستورات کو کھلی جگہ مہیا کرنا بہت ضروری ہے۔ جس طرح آپ دو مرلہ مکان کو فلیٹ کی صورت میں تعمیر کر سکتے ہیں۔ اسی طرح 5 مرلہ اور 10 مرلہ مکان کو بھی فلیٹ کی صورت میں

آرکیٹیکٹ کا تیار کردہ نقشہ (A)



غیر آرکیٹیکٹ کا تیار کردہ نقشہ (B)



تعمیر کرسکتے ہیں۔ بشرطیکہ آپ کسی ماہر، تجربہ کار آرکیٹیکٹ کی طرف رجوع کریں تو۔

آپ کے لئے بہتر یہی ہے کہ سب سے پہلے تجربہ کار آرکیٹیکٹ سے اپنی پسند کا نقشہ تیار کروائیں۔ پھر تعمیر کے لئے کسی تعمیر کرنے والے سے رجوع کریں اور باقاعدہ تحریری معاہدہ کریں تا کہ بعد کی پیچیدگیوں سے بچ سکیں اور بچت سے مستفید ہوسکیں۔ خدا آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی مدد کرے۔ آمین

دو مرلہ جگہ پر فلیٹ کا منظر



دو مرلہ گھر کا منظر



اعمال صالحہ

کبھی تو چاہئے اے دوست آخرت کا خیال
کبھی تو عیش کو چھوڑ اور عمل کا وقت نکال
نہ کام آئیں گے عقبیٰ میں مال اور دولت
کہ مال تا لب گور است بعدازاں اعمال

حضرت میر محمد اسماعیل

صد سالہ خلافت جوبلی

خلافت جوبلی کا جشن صد سالہ مبارک ہو
اطاعت باہمی کا جشن صد سالہ مبارک ہو
خدا کی بارش رحمت ہوئی ہر آن ہی ہم پر
ترقی کی نئی ہر رہ کھلی ہر آن ہی ہم پر
خدا کے فضل اور احسان ہم پر بار بار اترے
ہر اک پل ہر قدم ہر جا پہ بے حد و شمار اترے
ملائک نے خدا کے حکم سے ہر جا حفاظت کی
جماعت نے بصدقِ دل خلافت کی اطاعت
مبارک ہو خدا نے ہم کو بھی یہ دن دکھائے ہیں
یہ شکر ایزدی سب نے ہی اپنے جھکائے ہیں
سبھی خورد وکلاں اس کی ثناء کے گیت گاتے ہیں
وہ پیارا ہے خدا اس سے ہی ہم سب لو لگاتے ہیں
سدا توفیق ہو ہم کو خلافت سے اطاعت کی
کہیں لبیک جو آواز بھی آئے خلافت کی
رہے تا بہ ابد وابستہ پسر خوردوکلاں اس سے
کبھی چیں بر جبیں نہ ہو نہ ہو چون وچرا اس سے
ترقی فتح ونصرت جو مقدر ہو دکھا ہم کو
جو راہیں ہیں رضا تیری کی ان پر ہی چلا ہم کو
رہیں تا بہ ابد تابع مطیع دل سے خلافت کے
کریں یک جان سے مضبوط ہاتھوں کو خلافت کے
کبھی لغزش نہ آئے پائے استقلال میں ہرگز
لڑی سے کوئی نہ ٹوٹے کسی بھی حال میں ہرگز
تو سب کو اتفاق و اتحاد و پیار سے رکھنا
وفاداری بہ صدق دل سدا دلدار سے رکھنا
مبارک ہو خلافت جوبلی سب کو مبارک ہو
مبارک فتح و نصرت سے دائمی سب کو مبارک ہو

عبدالحمید خلیق

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 82604 میں عقیلہ شفیق

زوجہ محمد شفیق قوم راجپوت بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 109 ر۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-04-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور بوزن 4 تولہ مالیتی -/80000 روپے (2) حق مہر وصول شدہ مبلغ -/30000 روپے ۔۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عقیلہ شفیق۔ گواہ شد نمبر 1 محمد شفیق ولد بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید

مسل نمبر 82605 میں راشدہ پروین

بنت محمد شفیق قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 109 ر۔ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-04-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت ٹیوشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ راشدہ پروین۔ گواہ شد نمبر 1 محمد شفیق ولد بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید

مسل نمبر 82606 میں نسیم اختر

زوجہ محمد اکبر قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت 2000ء ساکن 109 ر۔ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-04-03 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور بوزن 2 تولہ مالیتی -/38000 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ -/500000 روپے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نسیم اختر۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 2 محمد اکبر ولد مختار احمد

مسل نمبر 82607 میں سلمٰی بی بی

زوجہ محمد رمضان (مرحوم) قوم راجپوت پیشہ سلائی وغیرہ عمر 48 سال بیعت 1990ء ساکن 109 ر۔ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-04-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی بالیاں بوزن 1 تولہ مالیتی -/20000 روپے (2) مشترکہ رہائشی مکان برقبہ 7 مرلہ واقع 109 ر۔ب مالیتی -/150000 روپے کا 1/4 حصہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت سلائی غیرہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سلمٰی بی بی۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 2 رفیق احمد کاہلوں ولد عبدالحمید

مسل نمبر 82608 میں نائلہ نصرت

بنت رانا عبدالرؤف قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 109 ر۔ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-02-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نائلہ نصرت گواہ شد نمبر 1 برکات احمد۔ گواہ شد نمبر 2 رانا عبدالرؤف

مسل نمبر 82609 میں نصراللہ خان

ولد خلیل احمد قوم آرائیں پیشہ زراعت (زمیندارہ) عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب گوکھووال ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-12-25 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ 5 مرلہ مالیتی -/250000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت زمیندارہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نصراللہ خاں۔ گواہ شد نمبر 1 فہیم اعجاز ولد اعجاز محمود وصیت نمبر 48429۔ گواہ شد نمبر 2 نوید اقبال ولد شیخ اقبال احمد وصیت نمبر 31762

مسل نمبر 82610 میں رفیق احمد

ولد میاں اللہ بخش قوم کھوکھر پیشہ ملازمت عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 121 ج۔ب گوکھووالی ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-12-25 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ اڑھائی مرلہ مالیت -/45000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ رفیق احمد۔ گواہ شد نمبر 1 فہیم اعجاز ولد اعجاز محمود۔ گواہ شد نمبر 2 نوید اقبال ولد شیخ اقبال احمد وصیت نمبر 31762

مسل نمبر 82611 میں انیس احمد

ولد شفیق ارشد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب گوکھووال ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-01-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) موٹر سائیکل مالیتی -/30000 روپے (2) موبائل فون مالیتی -/11800 روپے (3) کمپیوٹر مالیتی -/3000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ انیس احمد۔ گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر بشیر القمر احمد حسنی ولد ڈاکٹر خلیل احمد حسنی۔ گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر کاشف ریحان ولد عبدالغفار

مسل نمبر 82612 میں وقاص احمد

ولد شفیق ارشد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب گوکھووال ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-05-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وقاص احمد گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر بشیر القمر ولد ڈاکٹر خلیل احمد حسنی۔ گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد ولد محمد اکرم

مسل نمبر 82613 میں عظیم اعجاز

ولد اعجاز محمود قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن P-94 مین سٹریٹ ظفر کالونی فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-12-25 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/12500 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عظیم اعجاز۔ گواہ شد نمبر 1 فہیم اعجاز ولد اعجاز محمود۔ گواہ شد نمبر 2 نوید اقبال ولد شیخ اقبال احمد وصیت نمبر 31762

مسل نمبر 82614 میں عنبرین کنول

بنت اعجاز محمود قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب ظفر کالونی ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-01-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) کان کی بالیاں مالیتی -/8000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عنبرین کنول۔ گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر بشیر القمر احمد حسنی ولد ڈاکٹر خلیل احمد۔ گواہ شد نمبر 2 آصف محمود بٹ ولد خواجہ مقبول

مسل نمبر 82615 میں عرفان احمد

ولد عمران احمد چوہدری قوم جٹ پیشہ آٹو مکینک عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 209 ر۔ب اکال گڑھ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-03-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت آٹو مکینک مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عرفان احمد۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد ولد عمران احمد چوہدری وصیت نمبر 67053۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالعزیز عابد ولد عبدالرشید

مسل نمبر 82616 میں عائشہ صدیقہ

بنت عبدالغفور قوم راجپوت بھٹی پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کھرڑیانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-02-03 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) سونے کا کوکا بوزن 3 ماشے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عائشہ صدیقہ ۔ گواہ شد نمبر 1 محمد اعظم فاروقی ولد نذر محمد۔ گواہ شد نمبر 2 عمران خان ولد لیاقت علی

مسل نمبر 82617 میں عطیۃ القدیر

زوجہ رانا اعجاز احمد خان قوم راجپوت پیشہ...... عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 266 ر۔ب کھرڑیانوالہ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-02-12 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ -/50000 روپے (2) طلائی زیور بوزن 20 تولے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی

۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عطیۃ القدیر۔ گواہ شد نمبر 1 محمد اعظم فاروقی ولد نذر محمد۔ گواہ شدنمبر 2 عمران خان ولد لیاقت علی

مسل نمبر 82618 میں عرفان احمد

ولد صوفی محمد صدیق قوم آرائیں پیشہ کاروبار عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعداللہ پور پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-02-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ...... سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عرفان احمد۔ گواہ شدنمبر 1 نداء الحق ندیم ولد رانا محمد صدیق۔ گواہ شدنمبر 2 مبرور احمد ولد محبوب احمد

مسل نمبر 82619 میں تنویر احمد

ولد محمد شریف قوم ہوجن جٹ پیشہ زمیندارہ عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعداللہ پور پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-02-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین زرعی برقبہ 1/ا ایکڑ واقع سعداللہ پور مالیتی -/6000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ...... روپے ماہوار بصورت...... مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/48000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ تنویر احمد۔ گواہ شدنمبر 1 نداء الحق ندیم مربی سلسلہ ولد رانا محمد صدیق۔ گواہ شدنمبر 2 مبرور احمد ولد محبوب احمد

مسل نمبر 82620 میں عطاء الکریم

ولد محمد امین قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعداللہ پور پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-02-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عطاء الکریم۔ گواہ شدنمبر 1 نداء الحق ندیم ولد رانا محمد صدیق۔ گواہ شدنمبر 2 مبرور احمد ولد محبوب احمد

مسل نمبر 82621 میں مرغوب ارسلان

ولد نسیم اللہ وڑائچ قوم وڑائچ پیشہ دوکانداری عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعداللہ پور پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-02-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مرغوب ارسلان گواہ شد نمبر 1 نداء الحق ندیم مربی سلسلہ ولد رانا محمد صدیق۔ گواہ شدنمبر 2 شہزاد احمد اختر ولد محمد اختر

مسل نمبر 82622 میں طارق احمد

ولد ارشد محمود قوم آرائیں پیشہ موٹر مکینک عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سعداللہ پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-02-27 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طارق احمد۔ گواہ شدنمبر 1 نداء الحق ندیم مربی سلسلہ ولد رانا محمد صدیق۔ گواہ شدنمبر 2 شہزاد احمد اختر ولد محمد اختر

مسل نمبر 82623 میں محمد ارشد

